# تحفظ

جولائی 2013ء


اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

### اسٹیٹ لائف کنونشن 2013ء

## بھوربن میں پرُعزم بیمہ کاروں کا شاندار اجتماع

### مثالی کارکردگی پر بیمہ کاروں کو اعلیٰ انتظامیہ کا خراج تحسین






## فرمانِ الٰہی

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تمہارے مال اور تمہاری اولادیں تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کردیں۔ جو لوگ ایسا کریں وہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔ جو رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو، قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے، اس وقت وہ کہے کہ ''اے میرے رب، کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور دے دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہوجاتا۔''


(سورۂ المنافقون آیات 9 تا 10)



## فرمانِ رسولؐ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ''چار خصلتیں جس شخص میں ہوں گی، وہ پکا منافق ہوگا اور جس شخص کے اندر ان میں سے کوئی ایک خصلت ہوگی تو اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت ہوگی، یہاں تک کہ اسے ترک کردے۔ وہ چار خصلتیں یہ ہیں۔ ''جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو وہ خیانت کرے، اور جب گفتگو کرے تو جھوٹ بولے، اور جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے، اور جب کسی سے اس کا جھگڑا ہوجائے تو گالی پر اتر آئے۔''


(بخاری، مسلم عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ)



## قائداعظمؒ نے فرمایا

اگر ہم ہر معاملے میں قرآن مجید سے تحریک اور رہنمائی حاصل کریں تو میں ایک بار پھر کہوں گا کہ آخری کامیابی ہماری ہوگی، ہماری اور فقط ہماری، اپنا فرض بجالاتے رہو اور خدا پر بھروسہ رکھو، دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی۔

(جلسہ عام لاہور، 30 اکتوبر 1947ء)



## فرمودۂ اقبالؒ

رگوں میں وہ لہو باقی نہیں ہے
وہ دل، وہ آرزو باقی نہیں ہے
نماز و روزہ و قربانی و حج
یہ سب باقی ہیں، تو باقی نہیں ہے

(بالِ جبریل)

خیال وافکار

# خودسرائی نہیں......! کارکردگی کا ریکارڈ!!



کارپوریٹ کمیونیکیشن شعبوں کی ذمہ داریاں بڑی کڑی ہوتی ہیں۔ میڈیا ماہرین ازراہِ تفنن اس ملازمت کو Thankless Job کا نام دیتے ہیں۔ ذرا سی کوتاہی یا غفلت۔ ٹیم کے کسی بھی رکن کی معمولی بھول چوک۔ سارے کیے کرائے پر پانی پھیر دیتی ہے۔ اعلیٰ انتظامیہ کے ردعمل کا سامنا بہرطور کرنا پڑتا ہے۔ کارکردگی کے اہداف 99 فیصد پالینے کے باوجود محض ایک فیصد کی کمی بعض اوقات پیشانی پر بل ڈال دیتی ہے تاہم یہ یاد رہے کہ کسی بھی بڑے قومی ادارے کے شعبہ کارپوریٹ کمیونیکیشن کی ٹیم اس وقت تک اپنے مقاصد کے حصول میں کامیاب نہیں ہوسکتی جب تک کہ اعلیٰ انتظامیہ کا مکمل اور ہمہ وقت تعاون حاصل نہ ہو۔ ادارے کے تمام حقائق سے باخبر رکھنا اور باقاعدہ اعداد وشمار اور دستاویزی حوالوں کی آگاہی کے بغیر کارپوریٹ کمیونیکیشن کی ٹیم اپنے فرائض کی کماحقہ ادائیگی نہیں کرسکتی۔

اسٹیٹ لائف کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کی یہ خوش نصیبی رہی ہے کہ اس کی ٹیم جہاں پیشہ ورانہ بہترین صلاحیتوں کی حامل رہی ہے وہاں اعلیٰ انتظامیہ بالخصوص چیئرمین، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز اور ڈویژنل ہیڈ صاحبان کا بھرپور تعاون بھی رہا ہے۔ الحمدللہ اس شعبہ نے اپنے بہترین صحافتی تجربے اور اعلیٰ تخلیقی صلاحیتوں کی بنا پر ہر دور میں اس کے سربراہان یا اعلیٰ انتظامیہ کی مشاورت سے میڈیا میں اپنوں کے ہی پھیلائے ہوئے ادارے کے بارے میں منفی پروپیگنڈے کو ہمیشہ ''پیشہ ورانہ مہارت'' سے زائل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ پروفیشنل اپروچ کے مطابق ادارے کے کسی رکن کی کوتاہی یا غفلت کی پردہ پوشی سے ہمیشہ اجتناب برتتا ہے بلکہ انتظامیہ کے تعاون سے میڈیا کے دوستوں کے سامنے اصل حقائق لاکر ادارے کی نیک نامی اور اچھی شہرت کو بھی نقصان سے بچایا ہے۔

بہرحال یہ سب کچھ بیان کرنے کا مقصد اپنی خودسرائی نہیں بلکہ شعبہ کی کارکردگی کو ریکارڈ پر لانا ہے۔ اس سلسلہ میں ہمارا شعبہ اسٹیٹ لائف کے سابق چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا بطورخاص ممنون ہے جنھوں نے اسٹیٹ لائف کنونشن 2013ء کے موقع پر منعقدہ میڈیا بریفنگ کے بعد اعتراف خدمت کے طور پر کارپوریٹ کمیونیکیشن کی ٹیم کو اعلیٰ کارکردگی کے صلہ میں خصوصی ٹرافی سے نوازا۔ پانچ برس کے عرصے میں سابق چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی سے براہ راست منسلک رہ کر ہر ممکن یہ کوشش کی گئی کہ میڈیا ریلیشنز کو مستحکم بنایا جائے نیز کارپوریشن کی تشہیری مہمات کو موثر انداز میں جاری کیا جائے۔ باہمی اعتماد اور بھروسے کے بغیر ایسا ہرگز ممکن نہ تھا۔ یہی نہیں قبل ازیں جناب سمیع الحسن، جناب رسول بخش بلوچ اور پھر جناب کمال افسر جیسے سربراہان کے ساتھ بھی بہترین ورکنگ ریلیشن شپ رہی اور بڑے بڑے پراجیکٹ مکمل کیے۔ یہی وجہ ہے کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا ذکر میڈیا میں ہمیشہ اچھے الفاظ میں ہوتا ہے۔ ادارے کے مفادات کو ہمیشہ ترجیحی بنیادوں پر سامنے رکھا جاتا ہے۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے دوستوں کا ہمیشہ گہرا تعاون رہا ہے اور اسٹیٹ لائف کی ہر اہم خبر کو نمایاں انداز میں عوام الناس تک پہنچایا گیا ہے۔

ایک بھرپور تشہیری حکمت عملی کے ساتھ افراد کو نہیں ادارے کے نام کو ''اہم'' جانا اور چاپلوسی اور خوشامدانہ خبروں اور اشتہارات کی ہمیشہ حوصلہ شکنی کی۔ ہماری کارپوریٹ پالیسی رہی ہے۔ تشہیری مارکیٹنگ میں اسی بنا پر آج اسٹیٹ لائف کے کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دیانت دار پروفیشنلز کی ٹیم قرار دیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے ادارے کے لیے، اپنی بہترین صلاحیتوں کے دیانت دارانہ انداز میں خدمت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com

مدیر: مظفر احمد (ڈپٹی جنرل منیجر)
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر

ادارتی مشاورت: محمد ناصر
ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ،
پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9،
ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس
نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ
www.statelife.com.pk
پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# اسٹیٹ لائف اور فرسٹ ویمن بینک کے مابین معاہدہ



پرنسپل آفس، کراچی


فرسٹ ویمن بینک کی صدر محترمہ شفقت سلطانہ، اسٹیٹ لائف کے جنرل منیجر جناب عرفان انور بلوچ اور جی بی اے سروسز کے سی ای او جناب عامر اے سعید معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں


ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان فرسٹ ویمن بینک کی صدر محترمہ شفقت سلطانہ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں


شرکاء کو معاہدے کی بریفنگ دی جا رہی ہے


گزشتہ دنوں پرنسپل آفس کے بورڈ روم میں اسٹیٹ لائف اور فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ کے مابین لائف انشورنس کی مصنوعات کی فروخت کے معاہدے پر دستخط ہوگئے ہیں۔ معاہدے پر جنرل منیجر (بینک انشورنس) جناب عرفان انور بلوچ اور فرسٹ ویمن بینک کی صدر محترمہ شفقت سلطانہ نے دستخط کیے۔

اس ضمن میں اسٹیٹ لائف کی بینک انشورنس کے لیے تھرڈ پارٹی ایڈمنسٹریٹرز جی بی اے سروسز، فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ کے صارفین کو فوری کوریج کی فراہمی، نئی پروڈکٹ کی ڈویلپمنٹ اور عملے کی تربیت کے لیے تکنیکی مہارت، مارکیٹنگ وایڈورٹائزنگ سپورٹ بشمول اسٹیٹ آف دی آرٹ آن لائن پی او ایس سسٹم فراہم کرے گی۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ لائف، فرسٹ ویمن بینک اور جی بی اے سروسز کے درمیان بینک انشورنس کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ تقریب میں فرسٹ ویمن بینک کی صدر محترمہ شفقت سلطانہ اور سینئر ایگزیکٹیوز کی ٹیم نے اپنے بینک، اسٹیٹ لائف کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان اور جنرل منیجر جناب عرفان انور بلوچ اور دیگر افسران اور جی بی اے سروسز کی نمائندگی سی ای او جناب عامر اے سعید اور دیگر اعلیٰ حکام نے کی۔

(تحفظ رپورٹ)

## ساہیوال زون میں سیدہ روزینہ ساجد کے آفس کی افتتاحی تقریب

### سابق جنرل منیجر جناب تہور علی خان اور ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کی خصوصی شرکت


سابق جنرل منیجر جناب تہور علی خان سیدہ روزینہ ساجد کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان بھی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں ساہیوال کے پررونق علاقے فرید ٹاؤن میں سیلز آفیسر سیدہ روزینہ ساجد کے آفس کی پروقار افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی سابق جنرل منیجر جناب تہور علی خان تھے جبکہ جنرل منیجر و ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان کے علاوہ اس تقریب میں معزز بیمہ داروں جس میں خواتین کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اس موقع پر پالیسی ہولڈرز کی نمائندگی کرتے ہوئے سید اظہر بخاری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انشورنس پالیسی کی افادیت بیان کی اور بتایا کہ انہوں نے پالیسی لے کر اپنے بچوں کے لیے خوشیاں خریدی ہیں۔

مہمان خصوصی جناب تہور علی خاں نے کیریئر کے موضوع پر تفصیلی گفتگو کی اور سیدہ روزینہ ساجد کے دفتر کی تعریف کی۔

جناب طاہر احمد خاں نے اس تقریب میں خوبصورت آفس بنانے پر سیلز آفیسر سیدہ روزینہ ساجد کو مبارک باد دی اور ان کے آفس کو ساہیوال زون کا ماڈل آفس قرار دیا۔ انہوں نے خواتین کی بھرتی پر خاص زور دیتے ہوئے کہا کہ پڑھی لکھی خواتین کو بھرتی کر کے اپنی ٹیم کا حصہ بنایا جائے۔

اس موقع پر زونل ہیڈ ساہیوال چوہدری محمد اشرف اور ایریا منیجر رانا احتشام احسان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مسز روزینہ ساجد کو مبارک باد دی آخر میں سیلز آفیسر روزینہ ساجد نے تمام معزز مہمانوں کا خاص طور پر پالیسی ہولڈرز کا شکریہ ادا کیا اور اپنے ریجنل چیف کو اپنا بزنس ٹارگٹ پیش کیا جس میں اس سال سیلز آفیسر کیٹگری میں نمبر ون آنے کا یقین دلایا۔

آخر میں تمام شرکاء کو پرتکلف ڈنر دیا گیا اور پالیسی ہولڈرز میں تحائف تقسیم کیے گئے۔

رپورٹ: منظر عباس رضوی، پی آر او ملتان ریجن

# بیمہ داروں کی بچتوں کی بہترین سرمایہ کاری کی جا رہی ہے، شاہد عزیز صدیقی

## کنونشن کی افتتاحی تقریب سے چیئرمین کا کوالیفائرز کو خراج تحسین

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی 2012ء کے اختتام پر مجموعی طور پر پریمیئم اور سرمایہ کاری کی آمدنی 18 فیصد شرح اضافہ کے ساتھ 89 ارب 71 کروڑ روپے تک جا پہنچی جبکہ انفرادی بیمہ زندگی کے تحت 53 ارب 91 کروڑ روپے سے زائد کا پریمیئم حاصل کرکے کاروبار میں 20 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ یہ بات چیئرمین اسٹیٹ لائف مسٹر شاہد عزیز صدیقی نے بھوربن میں چار روزہ سالانہ مارکیٹنگ کنونشن کے موقع پر ہونے والی پریس بریفنگ کے دوران سینئر صحافیوں سے کہی۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، جنرل منیجر گروپ اینڈ پینشن جناب ندیم بیبی اور کارپوریٹ کمیونیکیشنز کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب مظفر احمد بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔



کنونشن کے سرفہرست بیمہ کار اعلیٰ انتظامیہ کے ہمراہ اسٹیج کی زینت (دائیں سے بائیں) محترمہ مائزہ، جناب شبیر دھیرانی، چوہدری الطاف محمود، جناب شاہد عزیز صدیقی، جناب محمد اذکار خان، جناب محمد صغیر، جناب محمد جاوید احمد اور جناب محمد اکرم

انہوں نے بتایا کہ کارپوریشن نے 2012ء میں گروپ اور انفرادی بیمہ زندگی کی پالیسیوں پر بیمہ داروں اور پسماندگان کو مجموعی طور پر 24 ارب 36 کروڑ روپے کے کلیمز ادا کیے جبکہ 2011ء میں کلیمز کی مد میں 19 ارب 50 کروڑ روپے ادا کیے گئے تھے اس مد میں 25 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ مسٹر شاہد عزیز صدیقی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ اسٹیٹ لائف کا لائف فنڈ 2012ء کے اختتام پر 269 ارب روپے سے بڑھ کر 315 ارب روپے تک جا پہنچا ہے جس کی شرح اضافہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 17 فیصد زائد رہی۔ اسٹیٹ لائف کی سرمایہ کاری کی تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کو 37 ارب 31 کروڑ روپے سے زائد کی آمدنی ہوئی جبکہ گزشتہ سال یہ آمدنی 30 ارب 74 کروڑ روپے تھی۔ شاہد عزیز صدیقی نے صحافیوں کو کارپوریشن کی نادرا کے ساتھ ہونے والے معاہدہ کی تفصیلات بھی بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ نادرا کے تحت جاری ہونے والے اسمارٹ کارڈ پر حادثاتی موت کے بیمہ کا اجرا کر دیا گیا ہے جس کے تحت اسمارٹ کارڈ ہولڈر کو حادثاتی موت پر اسٹیٹ لائف ان کے پسماندگان کو ایک لاکھ روپے کا کلیم ادا کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کے لیے آئی ٹی سیکٹر کو فعال کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں بیمہ داروں کی سہولت کے لیے کمپیوٹرائزڈ ڈیٹا سینٹر قائم کر دیا گیا ہے۔ جس کی نگرانی میں خود کر رہا ہوں جہاں سے بیمہ دار اپنی پالیسیوں کے بارے میں آن لائن معلومات حاصل کر سکیں گے۔ اس کے لیے اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ کو بھی اپ گریڈ کر دیا گیا ہے تاکہ عوام الناس کو اسٹیٹ لائف اور اس کی پالیسیوں کے بارے میں بروقت مکمل آگاہی ہو سکے۔

جناب شاہد عزیز صدیقی نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں بیمہ داروں کو بونس کی مد میں خاطر خواہ فوائد پہنچ رہے ہیں۔ 2011ء کے حساب کے تحت 23 ارب 45 کروڑ روپے کے بونس کی رقم اس مد میں مختص کی گئی جبکہ 2012ء کی ایکچوریئل ویلیوایشن کے مطابق توقع ہے کہ یہ رقم 29 ارب 80 ارب روپے تک جا پہنچے گی۔ اسٹیٹ لائف اپنے منافع کا 97½ فیصد بیمہ داروں کو اور 2½ فیصد حکومت پاکستان کو دیتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ انفرادی بیمہ زندگی کے تحت بیمہ داروں کی تعداد 38 لاکھ سے بڑھ کر 44 لاکھ ہو گئی ہے جبکہ گروپ اینڈ پینشن کے تحت بیمہ داروں کی تعداد 59 لاکھ سے بڑھ کر 79 لاکھ تک جا پہنچی ہے۔ جناب شاہد عزیز صدیقی نے کہا کہ آئندہ سال مائیکرو انشورنس اور سوشل سیکیورٹی کے تحت عام آدمی کو انشورنس کی طرف راغب کیا جائے گا۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ پاکستان میں لوگ صرف 0.5 فیصد، بھارت میں چار فیصد اور بنگلہ دیش میں تین فیصد انشورنس کرواتے ہیں۔ اس شرح میں اضافہ کے لیے آگاہی مہم شروع کریں گے۔



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کنونشن حاضرین سے مخاطب ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان کنونشن شرکا سے خطاب کرتے ہوئے

# کارپوریشن رواں سال کے تمام اہداف پورے کرے گی، محمد اذکار خان

## خطبہ استقبالیہ میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا مجموعی کارکردگی پر اظہار اطمینان

انہوں نے گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کی کارکردگی بتاتے ہوئے مزید کہا کہ 2012ء میں مجموعی گروپ پریمیئم 8 ارب روپے رہا جبکہ گزشتہ برس یہ پریمیئم 5 ارب روپے تھا جس کی شرح اضافہ 60 فیصد سے زائد بنتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہیلتھ انشورنس جرمن اور یورپین ممالک کی طرح پاکستان میں بھی ہیلتھ فنڈ کا قیام انتہائی ضروری ہے جس میں حکومت اور حکومتی اداروں کا کردار کم سے کم ہونا چاہیے اس ہیلتھ فنڈ کو ایک بورڈ کے انڈر ہونا چاہیے اور اس بورڈ کے ممبران میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے عہدیداران، مختلف یونین کے عہدیداران، صوبائی ہیلتھ اور ای او بی آئی کے لوگ شامل ہونے چاہئیں تا کہ ملک کا ہر فرد اس سے استفادہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کے عوام کی بہبود کے سماجی پروگرام 'بی آئی ایس پی، وسیلہ صحت کے تحت اسٹیٹ لائف نے ہیلتھ انشورنس پائلٹ پروجیکٹ کا کام ملک کے مختلف شہروں میں کیا جا رہا ہے جس کے مطابق 25000 روپے سالانہ علاج و معالجے کی سہولت حاصل ہوگی جبکہ مالی امداد کے حقدار لاکھوں خاندانوں کو ایک لاکھ روپے کی گروپ انشورنس دی جا رہی ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ 2012ء میں رئیل ایسٹیٹ کی آمدنی 82 کروڑ 20 لاکھ روپے رہی جبکہ وطن عزیز کے مختلف شہروں میں کاروباری اداروں کو جگہ فراہم کرنے کے لیے سرگودھا، سیالکوٹ اور رحیم یار خان میں نئی بلڈنگز کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کارپوریشن بیمہ زندگی کے نئے منصوبوں کے اجراء پر متعلقہ شعبہ تیزی سے کام کر رہا ہے تا کہ عوام کو چھوٹی چھوٹی بچتوں کے ذریعے معاشی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف مستحکم ترین قومی ادارہ ہے جو ملکی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جس کا ثبوت کارپوریشن کے لیے پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (PAKRA) کی جانب سے ''ٹرپل اے'' ریٹنگ ہے۔

قبل ازیں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے شرکائے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ محنت ہی میں عظمت ہے جس سے نہ صرف




کراچی ایسٹرن زون کی سیلز نمائندہ محترمہ ثمرین نعیم تقریری مقابلہ جیتنے پر ریجنل چیف سینٹرل جناب مقصود احمد چوہدری سے نقد انعام وصول کر رہی ہیں




سرگودھا زون کے سیلز منیجر جناب ظہیر عباس تقریری مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری سے کیش پرائز وصول کر رہے ہیں




سیالکوٹ زون کے ٹاپ ایریا منیجر جناب محمد صغیر نے تقریری مقابلہ جیت کر تیسری پوزیشن حاصل کی، جناب مقصود احمد چوہدری سے اپنا انعام وصول کر رہے ہیں



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی پرچم کشائی کرتے ہوئے، تصویر میں جناب محمد اذکار خان اور دیگر نمایاں ہیں



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ریجنل چیف سینٹرل جناب مقصود احمد چوہدری کی خدمات کے اعتراف میں انعام اور خراج تحسین پیش کر رہے ہیں



بھوربن میں ریجنل چیفز و زونل ہیڈ کانفرنس کے موقع پر چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور ریجنل چیفز جناب در محمد بالادی، سید حسن رضا، جناب طاہر احمد خان، جناب مقصود احمد چوہدری اور جناب افتخار احمد اسٹیج پر تشریف فرما ہیں

STATE LIFE CONVENTION 2013
12-15 April

# کارپوریشن کا لائف فنڈ 315 ارب روپے سے تجاوز کر گیا

## پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کی بریفنگ

آپ کی ذاتی بلکہ ایریا اور زون کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے جس کے نتیجے میں کارپوریشن کو استحکام حاصل ہوتا ہے اور آپ کو خوش حالی نصیب ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ملک کی مجموعی معاشی صورت حال میں بیمہ زندگی کے کاروبار میں سخت مقابلوں کا سامنا ہے لیکن ہمیں اپنی لگن اور عمدہ حکمت عملی سے ان چیلنجوں میں کامیابی کے مواقع تلاش کرنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ اس اعتماد سے میدان میں اتریں کہ آپ کا مستحکم ترین ادارہ آپ کی پشت پناہی کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ لاکھوں بیمہ داروں کو تحفظ اور معاشی استحکام بہم پہنچانے پر آپ سب کو مبارک باد اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

دریں اثناء ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے شرکاء کنوینشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کارپوریشن کی تاریخ ساز کامیابیوں اور استحکام میں فیلڈ فورس کا کلیدی کردار ہے انہوں نے اس موقع پر بتایا کہ 2012ء میں سینٹرل ریجن نے 5 ارب 19 کروڑ روپے، ملتان ریجن نے 3 ارب 25 کروڑ روپے، ناردرن ریجن نے 2 ارب 80 کروڑ روپے اور سدرن ریجن نے 2 ارب 17 کروڑ روپے سے زائد کا نیا پریمیئم جمع کیا انہوں نے تمام کامیاب بیمہ کاروں کو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور کاروباری مقابلہ جیتنے پر مبارک باد پیش کی۔ قبل ازیں کانفرنس میں کنوینشن کاروباری مقابلے کے کامیاب بیمہ کارکنان میں اعزازات و انعامات تقسیم کیے گئے۔



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی پریس بریفنگ کے لیے تشریف لاتے ہوئے،
ان کے ہمراہ جناب محمد اذکار خان اور جناب مظفر احمد، جناب حسن ظہیر اور راجہ احسان بھی نمایاں ہیں

قبل ازیں افتتاحی تقریب میں تلاوت کلام پاک کے بعد اسمبلی کنوینشن ہال میں قومی ترانے کی دھن پر قومی پرچم لہرایا گیا جبکہ اسٹیج پر بہترین کارکردگی کے حامل کوالیفائرز سیکٹر ہیڈز سیالکوٹ زون چوہدری الطاف محمود، ایریا منیجر جناب محمد صغیر اور ایریا منیجر کراچی سدرن زون جناب شبیر دھیرانی، سیلز افسر محمد جاوید احمد، سیکٹر ہیڈ گروپ اینڈ پینشن لاہور زون جناب شاہد لطیف، سیلز نمائندہ کراچی ایسٹرن زون محترمہ مائزہ اور سیلز نمائندہ گلف زون جناب محمد اکرم کو چیئرمین، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے ہمراہ اسٹیج پر بٹھایا گیا۔

اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ کارپوریشن سال رواں میں اپنے تمام اہداف مکمل کرے گی انہوں نے تمام حاضرین کو خوش آمدید کہا جبکہ چیئرمین نے کوالیفائرز کو مبارک باد کے علاوہ کنوینشن کی شرائط پوری کرنے اور میدان عمل میں اپنا لوہا منوانے

**کانفرنس میں کنوینشن کاروباری مقابلے کے کامیاب بیمہ کارکنان میں انعامات تقسیم کیے گئے**

**پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا نے کنوینشن کی خبر کو نمایاں کوریج دی**




چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کی پریس کانفرنس کے دوران ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان ایک سینئر صحافی کے سوال کے جواب دے رہے ہیں
اس موقع پر سی سی ڈی کے سربراہ جناب مظفر احمد اور گروپ اینڈ پینشن کے جنرل منیجر جناب ندیم بیسی بھی موجود ہیں



ٹی وی چینلز اور اخبارات کے صحافی حضرات بریفنگ کے دوران

# بیمہ داروں اور پسماندگان کو مجموعی طور پر 24 ارب 36 کروڑ روپے کی ادائیگی

## کارپوریشن کو سرمایہ کاری کی مد میں 37 ارب 31 کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی



میڈیا بریفنگ کے دوران کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کی ٹیم کا چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کے ساتھ گروپ فوٹو
(دائیں سے بائیں) آرگس ایڈورٹائزنگ کے کلائنٹس ایگزیکٹیو جناب محمد عاکف، جناب محمد اعظم شاکر، چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، جناب مظفر احمد، جناب محمد ناصر اور جناب رضوان احمد



جناب خالد منصور کمپیئرنگ کے فرائض ادا کرتے ہوئے
جبکہ جنرل منیجر پی ایچ ایس جناب شیر علی خان تقریری مقابلے میں کامیاب مقررین کا اعلان کر رہے ہیں

اور مجموعی کارکردگی پر ان کا خیر مقدم کیا۔ بعد ازاں کوالیفائرز کے مابین تقریری مقابلے ہوئے جس کا عنوان ''بیمہ زندگی کی اہمیت'' تھا اس تقریری مقابلے میں ہر ریجن سے دو افراد کو منتخب کیا گیا اور ہر مقرر کو پانچ منٹ کا دوانیہ دیا گیا جبکہ منصفین میں ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس جناب شیر علی خان، ڈویژنل ہیڈ پی اینڈ جی ایس محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس اور ڈویژنل ہیڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی جناب سلیم خالق تھے۔ تقریری مقابلے میں اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے بالترتیب محترمہ ثمرین نعیم، جناب ظہیر عباس اور جناب محمد صغیر کو نقد انعام دیا گیا۔ اس کے بعد نیلام گھر کی طرز پر پروگرام پیش کیا گیا جس میں کارپوریشن اور اس کے منصوبوں کے بارے میں حاضرین سے سوالات پوچھے گئے۔ صحیح جوابات دینے پر انہیں موقع پر ہی انعامات دیئے گئے جسے کمال فن سے ڈویژنل ہیڈ (ایف اینڈ اے) اور ڈویژنل ہیڈ لا آفیئرز ڈویژن نے چلایا۔

خطبہ اختتامیہ سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے کہا کہ اس کنونشن سے آپ کے اندر نیا جذبہ اور ولولہ پیدا ہوگا اور آئندہ کنونشن میں کوالیفائی کرنے کی آرزو تیز تر ہو جائے گی انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ بیمہ داروں کو زیادہ سے زیادہ مالی فوائد پہنچانے کے لیے اپنی کاروباری استعداد اور صحت مند کاروبار کو فروغ دیں تاکہ پرسسٹینسی کی شرح بڑھے اور اخراجات قانونی حدود میں رہیں انہوں نے کہا کہ میدان آپ کے پاس کھلا ہے۔ کاروبار میں اضافے کی لامحدود گنجائش موجود ہے۔ بیمہ زندگی اور اسٹیٹ لائف کا پیغام لگن اور خدمت کے جذبے سے پہنچائیں۔



بھوربن کنونشن کے دوران کامیاب بیمہ کار ''بیمہ زندگی کی اہمیت'' کے موضوع پر اظہار خیالات کرتے ہوئے

واضح رہے کہ اس کنونشن کی کوریج کے لیے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی بھرپور شرکت سے غیر معمولی کوریج ملی جس پر چیئرمین نے سی سی ڈی کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ سی سی ڈی کی ٹیم نے کنونشن ہال کی تزئین و آرائش کے علاوہ کوالیفائرز کو کنونشن کٹس بھی تقسیم کیں۔ کنونشن میں کمپیئرنگ کے فرائض جناب خالد منصور نے انجام دیئے۔



رپورٹ: محمد اعظم شاکر، سی سی ڈی، پرنسپل آفس



اختتامی تقریب کے دوران سینئر افسران اور بیمہ کاروں کی ایک جھلک

# اسٹیٹ لائف کی مرکزی سیرت کمیٹی کے زیراہتمام جلسہ سیرت النبیؐ







مولانا تنویرالحق تھانوی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے

علامہ عون محمد نقوی کا سیرت نبویؐ پر اظہار خیال

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی مرکزی سیرت کمیٹی کے زیراہتمام جلسہ سیرت النبیؐ گزشتہ روز اسٹیٹ لائف کی بلڈنگ نمبر 2 میں ہوا۔ جلسہ سیرت النبیؐ سے ممتاز عالم دین خطیب جامع مسجد جیکب لائن مولانا تنویرالحق تھانوی اور چیئرمین حج عمرہ زیارت کمیٹی اور عالم آن لائن کے بانی مقرر سید محمد عون نقوی نے خطاب کیا اور سیرت النبیؐ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

مقررین نے کہا کہ حضور اکرمؐ نے اپنے اخلاق اور عمل سے اسلام کو سربلند کیا اور ہمیں انہی اوصاف حمیدہ کی پیروی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مکتبہ فکر کے افراد اسلام کے پھول ہیں جو ایک گلدستے میں پروئے ہوئے ہیں۔



معروف نعت خواں جناب شفیق احمد





نعت خوانی کے مقابلے میں اول انعام حاصل کرنے والے غلام یزدانی ڈی جی ایم پی اینڈ جی ایس جناب مغل بیگ سے، دوسرا انعام رحمت علی صدیقی جناب حسن رضا سے اور تیسرا انعام مولا بخش جناب اقبال بلوچ سے وصول کر رہے ہیں

اس موقع پر مقابلہ نعت خوانی بھی ہوا جس میں غلام یزدانی کو پہلا، رحمت علی صدیقی کو دوسرا اور مولا بخش کو تیسرا انعام دیا گیا۔

سیرت النبیؐ کے حوالے سے فضیلت معراج النبیؐ پر مقابلہ نویسی میں اول انعام عطا محمد تبسم، دوم یوسف بیگ اور سوم محمد امین نے حاصل کیا۔

جلسہ سیرت میں افسران، اسٹاف، فیلڈ فورس کے علاوہ ریجنل چیف ساؤتھ ایس ایچ رضا، زونل سربراہ کراچی ساؤتھ زون محمد اقبال گل، کراچی ایسٹرن زون کے سربراہ سعید خان اور خالد شیخ نے بھی شرکت کی۔

تقریب میں نظامت کے فرائض راقم الحروف نے ادا کیے جبکہ جلسے کے انعقاد کے لیے کوآرڈینیٹر مرکزی سیرت کمیٹی مرزا اقبال بیگ نے تمام امور کی دیکھ بھال کی۔

رپورٹ: عطا محمد تبسم

ڈی جی ایم، کراچی سدرن ریجن




مضمون نویسی میں اول انعام پانے والے جناب عطا محمد تبسم زونل ہیڈ جناب اقبال گل سے اور سوم انعام حاصل کرنے والے محمد امین جناب سعید خان سے اپنا انعام وصول کر رہے ہیں



حاضرین محفل




# ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کی ریٹائرمنٹ

## ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور نمائندہ تنظیموں کی خصوصی شرکت

ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب مقصود احمد چوہدری کی ریٹائرمنٹ پر گزشتہ دنوں فیصل آباد زون نے ان کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا جس میں ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان نے بطورخاص شرکت کی۔

جناب مقصود احمد چوہدری کا استقبال تمام نمائندہ تنظیموں، زونل سربراہ کے ہمراہ سیکٹر ہیڈز نے پھولوں سے لدی درجنوں مالاؤں کو ان کے گلے کی زینت بنا کر کیا۔ تقریباً 1000 شرکاء محفل نے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز قومی ترانے سے کیا گیا۔ اے جی ایم (ایجنسی) جناب معظم علی معظم نے اپنے مخصوص اور دل لبھانے کے اسٹائل میں اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سر انجام دیئے اور شرکاء محفل کو تقریب کے آخر تک گرمائے رکھا۔


فیصل آباد زون میں لکی ڈراز کا منظر، اس موقع پر جناب مقصود احمد چوہدری، جناب عبدالستار جاوید، جناب ساجد محمود شیخ اور دیگر حاضرین


جناب محمد اذکار خان، جناب مقصود احمد چوہدری اور جناب عبدالستار جاوید حاضرین سے خطاب کررہے ہیں

ڈاکٹر عبدالرشید رضوی نے تلاوت قرآن پاک سے تقریب کا باقاعدہ آغاز کیا۔ جناب محمد قاسم حسان نے شاندار انداز میں نعت پڑھ کر خوب دادوصول کی بعدازاں، سابق ریجنل چیف (سینٹرل) چوہدری مدد علی انجم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کروائی گئی بعد میں چیئرمین اسٹیٹ لائف کا مقصود احمد چوہدری کی ریٹائرمنٹ پر تمام شرکاء کو خصوصی پیغام سنایا گیا جسے حاضرین نے بڑے محو ہو کر سنا جس میں انہوں نے مقصود احمد چوہدری کو بیمہ کا ادارہ قرار دیا۔

> **چیئرمین اسٹیٹ لائف نے اپنے پیغام میں مقصود احمد چوہدری کو بیمہ کا ادارہ قرار دیا**

اسٹیج پر ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، جناب مقصود احمد چوہدری، زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب عبدالستار جاوید، ، چوہدری مشتاق احمد سابق ریجنل چیف سینٹرل، سیلز نمائندہ حاجی جی اے غمزہ اور سیلز آفیسر جناب سلطان محمود بٹ، سیلز منیجر جناب شاہد بشیر، ایریا منیجر میاں محمد اسلم اور اے جی ایم سیکٹر ہیڈ جناب محمد اکبر مغل بھی موجود تھے۔

تمام نمائندہ تنظیموں کے عہدیداران جن میں جناب ساجد محمود شیخ (فیلڈورکرز ایسوسی ایشن) جناب محمد رمضان صدر (سی بی اے اسٹاف یونین) اس تقریب میں مدعو تھے۔

خطبہ استقبالیہ میں زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید نے ہال میں موجود تمام لکی ڈراز کوالیفائرز 2012ء کو مبارک باد دی اور جناب مقصود احمد چوہدری کی اسٹیٹ لائف کے لیے بالعموم اور فیصل آباد زون کے لیے بالخصوص خدمات پر ان کے کلیدی کردار کو سراہا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے ادارے اور پیشہ کے لیے مقصود احمد چوہدری کی ذمہ داریوں پر فوکس کیا۔

دیگر مقررین میں حاجی جی اے غمزہ اور چوہدری مشتاق احمد نے جناب مقصود احمد چوہدری اور جناب محمد اذکار خان کی اسٹیٹ لائف کے لیے خدمات پر روشنی ڈالی اور جناب محمد اذکار خان نے جناب مقصود احمد چوہدری کی ہستی کو پیار و محبت، جذبہ اور بیمہ سے تعبیر کیا اور بالخصوص فیصل آباد کی دھرتی کو بیمہ زندگی میں بڑے نام پیدا کرنے اور بیمہ زندگی کے سپوتوں کی دھرتی قرار دیا۔ انہوں نے فیصل آباد کے بیمہ سے منسلک افراد کو اپنا مقام پہچاننے اور فیصل آباد کو اعلیٰ ترین مقام دلانے پر زور دیا۔

جناب مقصود احمد چوہدری نے اپنے خطاب میں اس تقریب کے اعلیٰ انتظام و انصرام پر زونل سربراہ کا شکریہ ادا کیا اور پیشہ ورانہ زندگی میں اپنے چند محسنوں کو یاد کیا جن میں سید باقر مہدی، جناب اقبال کھچی، جناب حاجی جی اے غمزہ اور میاں محمد اسلم کے نام شامل ہیں۔

انہوں نے کارپوریشن کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے ان پر بھرپور اعتماد کو اپنی زندگی کا اثاثہ قرار دیا اور ان کا شاندار استقبال کرنے پر شرکاء محفل کا ایک بار پھر شکریہ ادا کیا۔

بعدازاں قرعہ اندازی کا سلسلہ شروع ہوا اور مہمان خصوصی ایگزیکٹیوڈائریکٹر جناب اذکار خان، مقصود احمد چوہدری کے ہمراہ تقریباً 50 لاکھ روپے مالیت کے انعامات شرکاء میں تقسیم کیے۔

رپورٹ...... سہیل نصیر میاں، ڈپٹی منیجر/انچارج زیڈ ایچ ایس، فیصل آباد زون

# آہ!
# چوہدری مدد علی انجم
## انا للہ وانا الیہ راجعون



چشم تصور میں ایک شفیق، مہربان اور معصوم سی ہستی کا تصور آتا ہے تو یادوں کے دریچوں سے ایک نام ابھرتا ہے چوہدری مدد علی انجم۔ جنہیں مرحوم لکھتے ہوئے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ نرم دم گفتگو، گرم دم جستجو، ساری عمر زندگی عزم وعمل سے مرصع۔ کتاب ہستی کا ایک ایک باب کامرانیوں کی یادگار کہانیوں سے عبارت ہے۔ پنجاب کے ضلع شیخوپورہ کے ایک چھوٹے سے قصبے فاروق آباد کے ایک متوسط خاندان میں جنم لیا۔ تعلیم وتربیت کے مراحل طے کرنے کے بعد جب عملی زندگی میں قدم رکھا تو بیمہ زندگی کے عظیم پیشے کا انتخاب کر کے اس



سینٹرل ریجن

میں کیریئر بنانے کی ٹھانی۔ موجودہ فیصل آباد کی نامور ہستی جناب جی اے غمزہ کی آرگنائزیشن میں بطور سیلز نمائندہ شمولیت اختیار کی۔ جلد ہی سیلز آفیسر کے طور پر ترقی پائی اور چنیوٹ شہر کو اپنی جدوجہد کا مرکز بنایا۔ سیلز منیجر تک وہیں سرگرم عمل رہے۔ ایریا منیجر بننے کے بعد ان کے دائرہ عمل میں وسعت آئی تو پیشہ ورانہ کا مرکز سرگودھا کو بنایا۔ اپنی ذاتی ترقی کے ساتھ ساتھ سرگودھا کو بھی زون کی منزل سے ہمکنار کیا اور وہیں پر بطور زونل سربراہ خدمات سرانجام دیں یہ دور چوہدری صاحب کی ذاتی اور پیشہ ورانہ کامرانیوں کا دور تھا۔ فیلڈ فورس، اسٹاف اور افسران میں یکساں مقبولیت حاصل کی۔ ہر ایک سے محبت کے ایسے روابط استوار کیے کہ زونل سربراہ سے بڑھ کر بڑے بھائی بزرگ اور ایک دلنواز قائد کی حیثیت حاصل کر لی۔

چوہدری صاحب کچھ عرصہ فیصل آباد زون کے بھی قائم مقام زونل سربراہ رہے اور قدرت نے ان کی جدوجہد کو یوں شرف قبولیت بخشا کہ ریجنل چیف کے عہدہ پر فائز ہو گئے اور ملتان ریجن کی ذمہ داری سنبھال لی۔ ملتان ریجن ان کے دور میں ہر لحاظ میں لیڈر آف دی کارپوریشن رہا اور ان کے حسن عمل کی داستان کا مطالعہ کرتے ہوئے کارپوریشن کی اعلیٰ انتظامیہ نے کاروباری لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے ریجن سینٹرل ریجن لاہور کی ذمہ داری 5-5-2008 کو سونپ دی۔ سینٹرل ریجن کی سربراہی سنبھالنے سے لے کر ریٹائرمنٹ تک ان کے شب وروز بیمہ زندگی کے شاہینوں کو پرواز عمل سکھاتے رہے اور ہر سال کارپوریشن کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم ہوتا اور ہر سال ایک نیا ریکارڈ چوہدری مدد علی انجم کے نام ہوتا۔

ہر ایک کے خیر خواہ، مہربان، شفیق اور نیک ہستی چوہدری مدد علی انجم جو شدید ترین بیماری کی حالت میں بھی کبھی اپنے فرائض منصبی کو نظر انداز نہ کرتے تھے بالآخر ریٹائرمنٹ کے چھ ماہ بعد 17 اپریل 2013ء کو داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کے جنازہ میں ہزاروں چاہنے والوں نے شرکت کی اور ہر زبان پر ان کی زندگی کے خوبصورت واقعات تھے اور لبوں پر ان کے لیے بخشش کی دعائیں تھیں۔

چوہدری صاحب نے پسماندگان میں ایک بیوہ، ایک بیٹا اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں جو ان کی نیک نامی کے وارث اور ان کی مقدس زندگی کی عملی تفسیر ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین ثمہ آمین۔


تحریر: عبدالحفیظ انجم، پبلک ریلیشنز آفیسر، سینٹرل ریجن، لاہور

# اسٹیٹ لائف محنت کرنے والوں کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیتا ہے
## ملتان زون میں محمد رمضان شاہد کی بیمہ کاروں سے گفتگو

اسٹیٹ لائف اعلیٰ انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ملتان زون کے نظم ونسق کا قلم دان جناب ایم رمضان شاہد (ڈپٹی جنرل منیجر) کو سونپنے کے بعد ملتان زون کی عظیم فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، آفیسرز واسٹاف ممبران نے اپنے روایتی انداز میں خوش آمدید کہا۔

اس موقع پر جناب رمضان شاہد نے اپنے ابتدائی خطاب میں تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ رب کائنات کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج سے 27 سال پہلے 29 مئی 1986ء کو میں نے ملتان زون سے بطور سیلز ریپ اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور تقریباً 20 سال تک بھرپور کام کیا اور 15 مئی 2005ء کو مجھے زونل ہیڈ ڈی جی خان تعینات کیا گیا اور 3 سال ڈی جی خان زون نمبر ون رہا اور کارپوریشن کی طرف سے مجھے پاکستان کے سب سے بڑے زون فیصل آباد زون کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں اور آپ کے علم میں ہے کہ فیصل آباد بھی میری قیادت میں نمبر ون زون رہا اور آج میں اس زون کا زونل ہیڈ ہوں جس زون سے میں نے اپنے کام کا آغاز کیا تھا۔ انہوں نے مزید بات کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان وہ ادارہ ہے جو کام کرنے والوں کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیتا ہے میں آپ حضرات سے بھی یہی توقع کرتا ہوں کہ آپ بھی بھرپور محنت، لگن اور ایمانداری سے کام کرتے ہوئے نہ صرف اپنا بلکہ اپنے زون کا نام بھی ضرور روشن کریں گے نمبر ون میں نہیں ہوتا تھا نمبر ون تو میری ٹیم ہوتی تھی۔ میں اس امید کے ساتھ آپ سے بھی یہی توقع کرتا ہوں کہ آپ بھی میری سربراہی میں بھرپور کام کریں گے آج سے آپ کے مسائل کا حل میری ذمہ داری ہوگی۔

محمد افضال قمری، پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان زون


صدر ایمپلائز فیڈریشن آف پاکستان جناب شاہد وحید، زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد کو ملتان میں خوش آمدید کہہ رہے ہیں


زونل ہیڈ ملتان جناب رمضان شاہد کی آمد، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان و دیگر افسران ا راسٹاف ممبران کے ساتھ ایک یادگار تصویر

# ملتان زون کے زیر اہتمام تربیتی سرگرمیاں

گزشتہ دنوں ملتان زون میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام پانچ روزہ کورس کا انعقاد ہوا۔جس کی صدارت کورس لیڈر منیجر ایف ایم ڈی، محترمہ شازیہ پرویز نے کی۔

زونل ہیڈ ملتان زون جناب محمد رمضان شاہد تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا۔

اس موقع پر محترمہ شازیہ پرویز نے زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد کو خوش آمدید کہا اور تقریب میں ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور اپنے خطاب میں ٹریننگ کورس کی اہمیت اجاگر کی اور شرکاء کی کورسز میں دلچسپی کو سراہا۔

اس کے بعد شرکاء نے کورس لیڈر کے تجربات اور لائف انشورنس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا اور اسٹیٹ لائف کی مالیاتی ورتھ کو سراہتے ہوئے اس عمل کو یقین میں بدل دیا کہ وہ دن دگنی اور رات چوگنی محنت کر کے ادارہ کی ساکھ کو قائم رکھیں گے اور اپنے کورس لیڈر کی ان باتوں کو عملی جامہ پہنائیں گے جن کی روشنی میں یہ کورس مکمل کیا گیا۔

شرکاء نے کورس لیڈر کی کلاس میں ذاتی دلچسپی لینے اور ٹریننگ دینے کے انداز کی بہت تعریف کی اور کہا کہ فیلڈ میں ہمیں جو مسائل درپیش آتے ہیں ان کے حل میں مناسب حد تک مدد ملے گی۔

آخر میں زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے اپنے منفرد انداز میں فیلڈ فورس کو اپنے تجربات کی عکاسی کرتے ہوئے اپنی زندگی کا نچوڑ جو کہ انتھک کوششوں اور دن رات کی محنت سے اس مقام تک پہنچے اور اپنے خطاب میں انہوں نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے فیلڈ فورس کو وہ حکمت عملی کا شیڈول بنا کر دیا جس کی وجہ سے آج وہ اس مقام پر ہیں۔مزید شرکاء کورس کی حوصلہ افزائی کی ۔انہوں نے مزید کہا کہ زندگی میں ہر چیز مشکل ضرور ہے پر ناممکن نہیں۔






MOSC کورس کے اختتام پر لی گئی ایک یادگار تصویر



فاؤنڈیشن کورس کے موقع پر لی گئی ایک یادگار تصویر، کورس کے شرکاء کا انچارج ایف ایم ڈی مسز شازیہ پرویز کے ساتھ گروپ فوٹو

آخر میں انہوں نے بہترین کارکردگی پیش کرنے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے اور سب کو الوداعی تقریب میں شرکت پر مبارک باد پیش کی۔دریں اثناء اسٹیٹ لائف ایف ایم ڈی ملتان زون میں فاؤنڈیشن کورس کا انعقاد ہوا۔جس کی صدارت بھی کورس لیڈر محترمہ شازیہ پرویز منیجر ایف ایم ڈی نے کی۔اس کورس کے مہمان خصوصی پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی ملتان ریجن ملک مختیار حسین اعوان تھے۔ان کی آمد پر تمام شرکاء نے ان کا استقبال کیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس موقع پر محترمہ شازیہ پرویز نے جناب مختیار حسین اعوان کو خوش آمدید کہا اور تقریب میں ان کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔کلاس کے چند شرکاء نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور فیلڈ میں درپیش مسائل کو بہتر طریقے سے حل کرنے اور بیمہ کے فروغ کے لیے اس کورس کو اہم قرار دیا۔

بعدازاں پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی ملک مختیار حسین اعوان نے اپنے تجربے کی روشنی میں اس کورس کی اہمیت کو اجاگر کیا اور ہمیشہ اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اختتام تقریب میں اپنے دست مبارک سے بہترین کارکردگی پیش کرنے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے اور سب کو الوداعی تقریب میں شرکت پر مبارک باد پیش کی۔اس کے بعد کلاس لیڈر نے مہمان خصوصی اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور گروپ فوٹو انعقاد کیا گیا۔

## اہم اعلانات

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے مختلف سرکلرز کے مطابق

- پرنسپل آفس، رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کے جنرل منیجر جناب نسیم الحق اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہوگئے تاہم انہیں اگلے روز سے کنٹریکٹ پر دوبارہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کے عہدے پر ری ایمپلائمنٹ کیا گیا ہے۔سرکلر میں بتایا گیا ہے کہ پرنسپل آفس، رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب نبیل غفور زادہ کو آئندہ احکامات تک قائم مقام جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ رئیل ایسٹیٹ ڈویژن بنایا گیا ہے۔
- پی اینڈ جی ایس کے ایک اور سرکلر میں بتایا گیا ہے کہ نوٹیفکیشن نمبر 1(1)2012/Slic-wc کے مطابق بی ایس 19، پوسٹل لائف انشورنس کے جناب عرفان انور بلوچ نے فوری طور پر جنرل منیجر بینک انشورنس پرنسپل آفس اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن جوائن کیا ہے۔
- ایک اور احکامات کے مطابق زونل ہیڈ پشاور زون جناب اعجاز احمد چوہدری کو زونل ہیڈ سوات زون ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔
- ڈپٹی منیجر ایکچوئریل ڈویژن جناب محمد اشعر کو ایکچوئریل پروموشن اسکیم کے تحت فوری طور پر منیجر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔




# فیصل آباد زون میں محمد رشید چوہدری کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب

## کاروباری مقابلہ کے کوالیفائرز میں شیلڈز تقسیم کی گئیں

فیصل آباد زون اور جڑانوالہ سب زون کے اے جی ایم مارکیٹنگ جناب محمد رشید چوہدری 35 سالہ سروس کے بعد ریٹائر ہوگئے۔ ان کے اعزاز میں منعقد کی جانے والی الوداعی تقریب کو اپنے اثرات، رنگارنگی کی بدولت عرصہ تک یاد رکھا جائے گا۔

اس تقریب کا بنیادی مقصد محمد رشید چوہدری کی خدمات کا اعتراف کرنا اور خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ تقریب کے روح رواں نئے سب زونل ہیڈ (جڑانوالہ سب زون) جناب محمود جعفر چوہدری اور تحصیل جڑانوالہ سے منسلک وہ 11 عدد ایریا مینیجرز تھے جو محمد رشید چودھری کو ان کی خدمات پر سراہنا چاہتے تھے۔

تقریب میں موجود سیکڑوں منظّم فیلڈ ورکرز نے اپنے ریجنل چیف، زونل سربراہ اور چوہدری رشید کا استقبال کیا۔ قرآن پاک کی تلاوت کے بعد جناب معروف نعت خواں قاسم حسان نے محفل میں رنگ بھر دیا جبکہ رائے محبوب عالم مینیجر (ایف ایم ڈی) نے اس تقریب میں اسٹیج سیکریٹری کے فرائض احسن طور پر ادا کیے۔ جناب محمود جعفر چوہدری سب زونل ہیڈ جڑانوالہ سب زون نے 2014ء کے بزنس کی بنیاد پر 2015ء میں 20 عدد ایریا مینیجرز تیار کرنے اور 2013ء کے اختتام پر 50 کروڑ پریمیئم سال اول کرنے کا عزم صمیم کا اعادہ کیا اور تقاضا کیا اور ان فیلڈ کارکنان کو دیگر دفتری سہولیات بہم پہنچائی جائیں۔

اسٹیج پر کاروباری مقابلہ کے ٹاپ کوالیفائرز میاں محمد اسلم (ایریا مینیجر) جناب محمد نواز (سیلز مینیجر)، جناب حیات طاہر (سیلز افسر) اور خالد پرویز (سیلز نمائندہ) کو ریجنل چیف اور زونل سربراہ کے ہمراہ بیٹھنے کی دعوت دی گئی۔ بشیر احمد عابد، ایریا مینیجر نے اپنے رفقا کی ترجمانی کرتے ہوئے چوہدری رشید کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا۔

بعد ازاں محمد رشید چوہدری کے نام سے منسوب کاروباری مقابلہ کے کوالیفائرز میں بدرجہ اتم چوہدری رشید کی تصویر سے مزین شیلڈز تقسیم کی گئیں۔



محمد رشید چوہدری کی ریٹائرمنٹ پر جناب مقصود احمد چوہدری دیرینہ رفیق کار کو ٹرافی پیش کر رہے ہیں، تصویر میں جناب محمد رمضان شاہد، جناب بشیر احمد عابد، جناب رائے محبوب عالم، جناب مراد علی رانا، جناب ضیاء الرحمٰن، جناب سلیم اختر، فلک شیر، زبیر وٹو، میاں محمد اسلم، جناب کاظم علی، جناب یاسر غدیر، جناب چوہدری عبدالحفیظ انجم، چوہدری طارق محمود، جناب محمود جعفر چوہدری، جناب سہیل نصیر میاں نمایاں نظر آ رہے ہیں



اے جی ایم مارکیٹنگ جناب محمد رشید چوہدری کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر شرکاء تقریب

زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد، زونل سربراہ نے چوہدری رشید کی 35 سالہ پیشہ ورانہ خدمات پر ان کی خوب صورت الفاظ میں پذیرائی کی اور جناب محمود جعفر چوہدری کو اسٹیٹ لائف جڑانوالہ کے لیے محمد رشید چوہدری کا اچھا نعم البدل قرار دیا۔

ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے اپنے خطاب میں انتہائی قابل قدر پیشہ ورانہ نکات اور تجربات پر روشنی ڈالی۔ سب زون جڑانوالہ کے فیلڈ کارکنان وایریا مینیجرز اور زونل سربراہ فیصل آباد زون کو اس شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارک باد پیش کی۔ محمد رشید چوہدری نے اپنے پرتپاک استقبال پر شرکاء کا بے حد شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر حاضرین کو پرتکلف ظہرانہ دیا گیا۔

رپورٹ: سہیل نصیر میاں، ڈپٹی مینیجر (زیڈ ایچ ایس)

## تعزیت انا للہ وانا الیہ راجعون

- رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے سینئر لفٹ آپریٹر جناب محمد یعقوب خان گزشتہ دنوں کراچی میں حادثاتی فائرنگ کے نتیجے میں گولی لگنے سے جاں بحق ہوگئے۔ ان کی نماز جنازہ فیڈرل بی ایریا کراچی میں ادا کی گئی۔ دفتر کے متعدد ساتھیوں نے ان کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی گئی۔
- پرنسپل آفس، رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے ریکارڈ سارٹر جناب عبدالوہاب گزشتہ دنوں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ جنہیں بلال کالونی کراچی میں سپرد خاک کیا گیا۔
- پرنسپل آفس، پالیسی ہولڈرز سروسز ڈویژن کے اے جی ایم ڈاکٹر ارشد حمید عراقی کے والد محترم اچانک حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کر گئے۔
- پرنسپل آفس کے اے جی ایم پرسونل ڈویژن کی جناب بلیغ الدین کے بڑے بھائی گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔
- کراچی ایسٹرن زون کے اے جی ایم مارکیٹنگ قاضی جاوید کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔
- رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے مینیجر جناب افضل حسین کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔
- پرنسپل آفس سی سی ڈی کے قاصد جناب شفیق احمد کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں ابدی داغ مفارقت دے گئیں۔
- گروپ اینڈ پینشن کراچی زون کے قاصد محمد حنیف کی اہلیہ کی روح بھی گزشتہ دنوں قفس عنصری سے پرواز کر گئیں۔

ادارہ تحفظ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)



سینٹرل ریجن

# فیصل آباد میں بیمہ کاروں کی بہترین کارکردگی پر تقریب پذیرائی

## ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کی خصوصی شرکت

گزشتہ دنوں محل ریسورینٹ، اقبال اسٹیڈیم، فیصل آباد کے زیریں ہال میں ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر احمد خان کے اعزاز میں فیصل آباد زون کے تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کے ہمراہ زونل سربراہ فیصل آباد جناب عبدالستار جاوید نے ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا۔

اسٹیج پر ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید کے علاوہ سیکٹر ہیڈ جناب محمود جعفر چوہدری، پریمیئم سال اول میں بلحاظ تناسب ماہ اپریل 2013ء میں اول آنے پر ایریا منیجر جناب محمد سرور، کو بلحاظ کاروباری حجم زون میں



جناب طاہر احمد خان کا استقبال، جناب عبدالستار جاوید، جناب محمد اقبال کھچی، جناب جی ایچ شہزاد اور جناب صوفی محمد یٰسین بھی دکھائی دے رہے ہیں

پریمیئم سال اول کی مد میں فرسٹ آنے اور ایریا منیجر جناب مراد علی رانا کو پریمیئم سال اول میں بلحاظ تناسب اول آنے پر اسٹیج کی زینت بنایا گیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت خوانی سے ہوا۔ اس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا اور تمام حاضرین نے کھڑے ہو کر باادب ترانہ سنا۔ بعدازاں، جناب محمود جعفر چوہدری، جناب محمد اکبر مغل اور جناب غلام رسول چوہدری کو سیکٹر ہیڈ



اسٹیج کا منظر......ایریا منیجرز محمد سرور، جناب مراد علی رانا، زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، سب زونل ہیڈ جناب محمود جعفر چوہدری اور اے جی ایم جناب معظم علی معظم

کیٹگری میں ماہ اپریل 2013ء میں پریمیئم سال اول میں بلحاظ کاروباری تناسب اول، دوم اور سوم پوزیشنز لینے پر پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ پریمیئم سال اول ماہ اپریل 2013ء میں ایریا منیجرز کیٹگری میں محمد سرور، میاں محمد اسلم اور عاشق علی راٹھ کو بلحاظ کاروباری حجم اور مراد علی رانا، الطاف حسین بابر اور یعقوب علی کو ماہ اپریل 2013 میں بلحاظ کاروباری تناسب پہلی تین پوزیشنز لینے پر پھولوں کے ہار پہنا کر عزت افزائی کی گئی۔

بطور ایریا منیجر ترقی پانے پر جناب شاہد بشیر، عبدالغفار، شفیق اختر، الطاف حسین اور بشارت علی کو ہار پہنائے گئے۔

اس موقع پر زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب عبدالستار جاوید نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں جناب طاہر احمد خان کو پورے ریجن میں سب سے پہلے فیصل آباد کا انتخاب کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں فیصل آباد زون کو اپنے ہم عصر زونوں میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور اپنے ساتھیوں کی کاوشوں سے ماہ اپریل 2013ء میں پریمیئم سال اول کی بنیاد پر نمایاں اضافہ دینے کو ان کے لیے نیک شگون قرار دیا۔

انہوں نے ماہ مئی 2013ء اور سال 2013ء کے اختتام پر بھی ایسی ہی کارکردگی دکھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ڈپارٹمنٹل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کا شکریہ ادا کیا جو فیصل آباد زون کا پرچم بلند کرنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔


ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر احمد خان نے اپنے خطاب میں کام کرنے والوں کو اپنا ساتھی قرار دیا۔ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران رنگ، نسل و ذات کی نفی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شاید ان کی تربیت کا حصہ ہے کہ وہ اپنے پیشے اور عمر میں بڑوں کی انتہائی تکریم کرتے ہیں۔ انہوں نے بیمہ زندگی کی ان گراں قدر شخصیات کا تذکرہ بھی کیا جنہوں نے کسی نہ کسی طرح ان کی زندگی پر گہرے اور مثبت نقوش چھوڑے۔

انہوں نے حاضرین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد زون سے متعلقہ تمام لوگ کارپوریشن کے کارواں میں مشعل بردار کی مانند ہیں جو بیمہ زندگی کے اس کارواں کے رہبر کے طور پر جانے اور پہچانے جاتے ہیں اور جنہیں شکست سے دوچار کرنا محض دوسروں کے لیے خواب ہی ہوسکتا ہے۔ تقریب کا اختتام ایک شاندار دعوت پر ہوا۔

رپورٹ: سہیل نصیر میاں، ڈپٹی منیجر زونل ہیڈ سیکریٹریٹ



ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، ایریا منیجر جناب محمد سرور کو بہترین کارکردگی پر عزت افزائی کرتے ہوئے



جناب طاہر احمد خان سیکٹر ہیڈ غلام رسول چوہدری کو اعلیٰ کارکردگی پر مبارکباد دیتے ہوئے،
تصویر میں جناب عبدالستار جاوید ان کے ہمراہ ہیں




# کراچی سدرن زون میں شبیر دھیرانی ایریا آفس کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات



ریجنل چیف سدرن سید حسن رضا، سیلز منیجر جناب شبیر علی کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر پھول پیش کر رہے ہیں، تصویر میں ایریا منیجر شبیر دھیرانی بھی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں کراچی سدرن زون کے ایریا منیجر جناب شبیر دھیرانی کے ایریا آفس کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد کی گئی جس میں ریجنل چیف ساؤتھ سید حسن رضا، زونل ہیڈ سدرن زون جناب محمد اقبال گل، منیجر مارکیٹنگ جناب محمد لطیف کیانی، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور ان کی ٹیموں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

تقریب میں سال 2012ء میں بہترین کارکردگی پر تمام فیلڈ فورس کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی کوششوں کو سراہنے اور حوصلہ بڑھانے کے لیے بڑی تعداد میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کی گئیں اور ساتھ ساتھ ایک موٹر سائیکل ڈرا بھی کیا گیا جو کہ ایریا آفس کی ایک خاتون سیلز نمائندہ صائمہ حسین نے جیت لی۔ اس موقع پر ایریا منیجر جناب شبیر دھیرانی نے تمام شرکاء کو بیمہ زندگی کی اہمیت اور اس کاروبار سے وابستہ لوگوں کو اس فیلڈ میں اپنا کیریئر بنانے پر توجہ دلائی اور ان کی تقریر سے بہت مفید اور کارآمد باتیں سیکھنے کو ملیں۔ اس تقریب میں نظامت کے فرائض سیلز آفیسر سید حسن علی زیدی نے انجام دیئے۔

اس موقع پر منیجر مارکیٹنگ جناب محمد لطیف کیانی نے اس پروقار تقریب کے موقع پر ایریا منیجر جناب شبیر دھیرانی کو تقریب کے انعقاد پر مبارک باد دی اور زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل نے اپنی تقریر میں کہا کہ ایسی تقریبات کے انعقاد سے کارکنوں کے حوصلے بلند ہوتے ہیں اور ہماری فیلڈ میں اس کی بہت اہمیت ہے لیکن اس کے بعد عملی اقدامات اور نتائج بہت ضروری ہیں۔

ان کے بعد ریجنل چیف جناب سید حسن رضا نے اپنی تقریر میں کہا کہ جناب شبیر دھیرانی اس زون میں ہمیشہ کامیابیوں کی بلندیوں پر رہے ہیں اور اس زون میں ہی نہیں بلکہ کارپوریشن میں اپنا مقام بنائے رکھا۔ متعدد بار کنونشن کوالیفائی کیا اور کئی بار وہاں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی اور دیگر کے ہمراہ اسٹیج پر بیٹھنے کا اعزاز حاصل کیا۔

آخر میں ایریا منیجر جناب شبیر دھیرانی نے تقریب کے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور سب نے عزم کیا کہ ہمیشہ اسی طرح کامیابی کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔ آخر میں تمام شرکاء کو ڈنر پیش کیا گیا۔



رپورٹ: اسلم پرویز، کراچی سدرن زون



کراچی سدرن زون میں شبیر دھیرانی ایریا آفس کی سالانہ تقریب میں ریجنل چیف سید حسن رضا، زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل، سیکٹر ہیڈ جناب محمد لطیف کیانی، ایریا منیجر جناب شبیر دھیرانی اور سیلز منیجر جناب شبیر علی اسٹیج پر تشریف فرما ہیں



حاضرین کی ایک جھلک



سید حسن رضا، سیلز افسر سید حسن رضا کو وننگ ٹرافی پیش کرتے ہوئے




# فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے جناب مقصود احمد چوہدری کے لیے الوداعیہ

## نئے ریجنل چیف طاہر احمد خان کو خوش آمدید کہنے کے لیے سینٹرل ریجن، ایوان اقبال لاہور میں تقریب

گزشتہ دنوں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے ریجنل چیف کے عہدے سے سبکدوش ہونے والے جناب مقصود احمد چوہدری کے لیے الوداعی اور سینٹرل ریجن کا چارج لینے والے نئے ریجنل چیف طاہر احمد خان کے لیے استقبالیہ تقریب کا اہتمام ایوان اقبال لاہور میں کیا گیا جس میں تقریب کے مہمان خصوصی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان تھے۔ صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن محمد اصغر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سابق ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری کی دیرینہ خدمات اور مارکیٹنگ فورس سے گہری وابستگی پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اور رب العزت سے ان کی اچھی صحت، خاندانی خوشحالی و زندگی کے لیے دعا کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنے ریجن کی تعمیر و ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ ساتھ ساتھ تمام ریجنل چیفز کی اخلاقی و پیشہ ورانہ امداد کا شکریہ ادا کیا۔ آج جناب اذکار خان کے پیٹرول کی سہولت کے اجرا کے حکم پر شکر گزار ہیں اور مزید سہولتوں کے لیے پر امید ہیں کہ وہ بھی فیلڈ ورکرز کو جلد مہیا کر دی جائیں گی۔

جناب اذکار خان نے فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی کاوشوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مذکورہ بالا اعلان کیا اور امید ظاہر کی کہ اس سال فیلڈ فورس ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی بڑی تعداد میں آپ لوگ کنونشن کو ایلفائی کریں گے۔

سابق ریجنل چیف مقصود احمد چوہدری اور نئے ریجنل چیف طاہر اے خان نے تقریب کے انعقاد پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کا شکریہ ادا کیا۔

رپورٹ: اسلم پرویز، سیکریٹری اطلاعات، فیلڈ ورکرز فیڈریشن



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے خواجہ زاہد جناب طاہر احمد خان کا استقبال کر رہے ہیں، اس موقع پر جناب ادریس بھٹی، حسن عباس حسینی اور دیگر نمایاں ہیں



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات جناب محمد جاوید قادر، جناب مقصود احمد چوہدری کو تقریب میں خوش آمدید کہہ رہے ہیں
اس موقع پر فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر اور دیگر نمائندگان نمایاں ہیں


# اسلام آباد زون کے نیو بزنس ڈیپارٹمنٹ کی تقریب پذیرائی

ریجنل چیف نارتھ جناب خالد منصور کی زیر صدارت نیو بزنس ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد زون کے آفیسرز اور اسٹاف ممبران کے لئے گزشتہ دنوں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی جنرل منیجر جناب اقبال خان، زونل ہیڈ اسلام آباد زون چوہدری ارشد اور اسٹاف یونین کے جنرل سیکرٹری ملک عمران نے شرکت کی۔

تقریب سے ڈپٹی جنرل منیجر جناب اقبال خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیو بزنس ڈیپارٹمنٹ کے آفیسر اور اسٹاف ممبران کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے ماہ اپریل تک کے پالیسی بانڈ مکمل کر لیے ہیں جو ایک ریکارڈ ہے۔

تقریب سے جناب زونل ہیڈ چوہدری ارشد نے اعلیٰ کارکردگی پر نیو بزنس ڈیپارٹمنٹ کے انچارج عامر رحیم کو مبارک باد دی۔

تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی ریجنل چیف نارتھ جناب خالد منصور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد زون نیو بزنس ڈیپارٹمنٹ پر مجھے فخر ہے کہ اُنہوں نے ماہ اپریل تک کے پالیسی بانڈ مکمل کر لیے ہیں جو اسٹیٹ لائف کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے چوہدری وقار احمد تور کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا جو دن رات کام کر کے اسٹیٹ لائف کا نام روشن کرنے کے لئے مصروف ہیں۔ تقریب کے آخر میں انہوں نے آفیسرز اور اسٹاف میں تعریفی اسناد تقسیم کی۔



ریجنل چیف نارتھ جناب خالد منصور، نیو بزنس ڈپارٹمنٹ اسلام آباد کے آفیسرز اور اسٹاف ممبران کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ زونل ہیڈ چوہدری محمد ارشد بھی موجود ہیں



اسلام آباد زون میں تقریب کے دوران ریجنل چیف نارتھ خالد منصور آفیسر اور اسٹاف کو تعریفی اسناد پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر ان کے ہمراہ زونل ہیڈ چوہدری ارشد، ڈپٹی جنرل منیجر اقبال خان اور ملک عمران بھی موجود ہیں

# ایریا منیجر سید ساجد حسین شاہ کے ایریا آفس کا اجلاس، زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل کی خصوصی شرکت

کراچی سدرن زون سے تعلق رکھنے والے سینئر ایریا منیجر سید ساجد حسین شاہ نے اپنے ایریا آفس میں میٹنگ کا انعقاد 'شاد آباد ہال' اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 میں کیا جس میں سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ زونل ہیڈ و ڈپٹی جنرل منیجر جناب محمد اقبال گل مہمان خصوصی تھے جبکہ منیجر مارکیٹنگ جناب محمد لطیف کیانی نے اجلاس کی صدارت کی۔

تقریب کا آغاز سیلز آفیسر جناب وقار احمد کی تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد سیلز منیجر محمد جہانگیر اور سید ندیم کاظمی نے بھوربن کنونشن پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکاء کو خاصی ترغیبات پیش کیں۔

اس کے بعد ایریا منیجر سید ساجد حسین شاہ نے ایریا کی کارکردگی پیش کی کہ سال 2012ء میں بھی ہماری کارکردگی بہتر تھی جبکہ مئی 2013ء تک بھی سالانہ نیو بزنس میں 31 فیصد تک اضافہ حوصلہ افزا ہے۔ اس سال ہمارے ایریا کے بیشتر ساتھی کنونشن کوالیفائی کریں گے اور 2013ء میں ہمارے ایریا کی کارکردگی غیر معمولی رہے گی۔

اس موقع پر زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل اور سیکٹر ہیڈ جناب محمد لطیف کیانی کے ساتھ مل کر بہترین کارکردگی پر ساتھیوں کو بوکے پیش کیے۔ ان میں سیلز منیجرز سید ندیم کاظمی، جناب محمد جہانگیر اور جناب نوید شبیر، سیلز آفیسرز سید سلمان اے کاظمی، سید گوہر حسین اور جناب کاشف پرویز، سیلز نمائندگان، سید غلام مرتضیٰ، جناب افتخار خان اور اویس عالم شامل ہیں۔

جبکہ سال 2012ء کی بہترین پرفارمنس پر سیلز منیجرز کو ایوارڈ پیش کیے گئے۔ ان میں جناب محمد جہانگیر، جناب محمد احد، جناب پرویز برکت، جناب نوید شبیر، عبدالقیوم عباسی، جناب نور الہٰی، جناب اختر گل، مس ربیکا سونی، سید ندیم کاظمی، جناب اسلم پرویز شامل ہیں۔

اس موقع پر سید ساجد حسین شاہ نے اعلان کیا کہ میرے ایریا کے جو بھی سیلز منیجر، سیلز آفیسر اور سیلز نمائندہ کنونشن کوالیفائی کرے گا اسے -/15000 روپے انعام دیا جائے گا۔


کراچی سدرن زون


منیجر مارکیٹنگ جناب محمد لطیف کیانی حاضرین سے مخاطب ہیں، اسٹیج پر زونل ہیڈ جناب اقبال گل، ایریا منیجر سید ساجد حسن شاہ، سیلز منیجر جناب اسلم پرویز اور دیگر نمایاں ہیں

منیجر مارکیٹنگ جناب محمد لطیف کیانی نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہمیں مقصد حیات کا تعین کرنا ہوگا۔ اسٹیٹ لائف کی فیلڈ فورس ایک منظّم فورس ہے۔ ہمارے زون کے سیلز نمائندہ کا ٹاپ پریمیئم 94 لاکھ روپے ہے۔ ہم آزاد ہیں لیکن قابل احتساب بھی ہیں۔ ٹاپ کی پوزیشن ہمیشہ کام کرنے والوں کے لیے خالی رہتی ہے۔ سوچنا ہے کہ دیگر ساتھیوں کا کام کیوں زیادہ ہے لیکن میرا کیوں کم ہے۔ آپ مارکیٹ میں علم، مہارت اور جذبے سے جائیں۔ زونل ہیڈ ہر ایک کی کارکردگی کو دیکھتے اور مسلسل خطوط بھجوا رہے ہیں۔ اپنے پیشے میں احساس ذمہ داری اپنائیں۔ ہمارے ایک نمائندے کا تجدیدی پریمیئم ایک کروڑ سے زائد ہے جو 5 لاکھ سالانہ کماتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی شہر 24 گھنٹے جاگتا ہے۔ زندگی میں مواقع ملتے ہیں۔ آپ بھوربن


سید ساجد حسین شاہ حاضرین کو ایریا آفس کی کارکردگی پیش کر رہے ہیں

کنونشن کوالیفائی کریں۔ جہاں آپ کو انتہائی عزت، اہمیت اور تفریح ملے گی۔

زونل ہیڈ محمد اقبال گل نے اپنے خطاب میں کہا کہ انسان زندگی کی تبدیلیوں کو فوراً قبول نہیں کرتا۔ ہمیں اپنے معمولات زندگی میں تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔ بیمہ زندگی پر توجہ دیں، نتائج نئے لوگوں میں ملتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف آپ کو شناخت دیتی ہے ہم سب ایک جیسے ہیں مگر کارکردگی فرق ظاہر کرتی ہے۔ ہم اندر کیا ہیں اور باہر کیا ہیں؟ ہمیں تبدیلی کی ضرورت ہے اور مثبت تبدیلی کے ذریعے آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں موجودگی کا احساس دلانا ہے۔ بھرتی کاروباری ترقی کا بہترین ذریعہ ہے اس کا خوب استعمال کریں۔ آرگنائزر کے لیے ٹیم اور نمائندگان کے لیے پالیسی ہولڈر کی ذمہ داریاں ہیں۔ اپنے اندر اوپر سے نیچے تک تبدیلیاں لائیں اور نئے تقاضوں کے مطابق تبدیلی قبول کریں۔

نظامت کے فرائض راقم الحروف نے ادا کیے۔ آخر میں شرکاء عشائیے سے لطف اندوز ہوئے۔

رپورٹ: اسلم پرویز، جنرل سیکریٹری، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن

## اسٹیٹ لائف ایمپلائز فیڈریشن کے انتخابات

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف ایمپلائز فیڈریشن کے انتخابات عمل میں آئے۔ الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق انتخابات کی کارروائی کے لیے صرف ایک ہی پینل نے کاغذات نامزدگی داخل کیے جس کی وجہ سے پورا پینل بلا مقابلہ منتخب ہو گیا۔ منتخب عہدیداروں میں جناب شاہد وحید بدستور صدر کے عہدے پر سرگرم عمل رہیں گے جبکہ سینئر نائب صدر مظفر عباس ملک، نائب صدر 1 جناب ساجد علی عباسی، نائب صدر 2 حاجی خان بلوچ، سیکریٹری جنرل جناب نعیم علی، ڈپٹی سیکریٹری جنرل چوہدری وقار حسین، اسسٹنٹ سیکریٹری جنرل جناب اختر گل، فنانس سیکریٹری جناب نعیم ابراہیم، اسسٹنٹ فنانس سیکریٹری رانا ایم نواز خان، پبلک ریلیشن سیکریٹری، میاں محمد رمضان، اسسٹنٹ پبلک ریلیشن سیکریٹری سید شہزاد علی شاہ، آرگنائزنگ سیکریٹری جناب عمران ناصر ملک، اسسٹنٹ آرگنائزنگ سیکریٹری جناب ارشد عباس ڈار، سوشل اینڈ کلچرل سیکریٹری سید ہدایت علی، جبکہ سینٹرل ایگزیکیٹوز کمیٹی کے لیے جناب محمد وسیم ملک، سردار جہانزیب، راجہ محمد سرور، جناب عبدالحق بھٹی، جناب ناصر علی خان، جناب ایاز احمد ملک، جناب غلام اکبر بھٹی، جناب ایم اسحٰق بھٹہ، جناب سید محمد اعظم، جناب احسان رضا میر اور محمد عثمان منتخب قرار پائے۔ الیکشن میں کامیابی پانے کے بعد صدر فیڈریشن جناب شاہد وحید نے تمام ملازمین کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے ساتھی ملازمین اور کارپوریشن کے وسیع تر مفاد کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کر دیں گے۔ ادارہ تحفظ تمام منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

کتابوں پر تبصرہ

بیمہ زندگی کے موضوع پر نئی تصنیف

## دردکا چاند (ڈرامہ)



جناب اجمل اعجاز (اجمل خان) ہمارے ادارے سے بطور اسسٹنٹ جنزل منیجر سبکدوش ہوئے ہیں۔ وہ دوران ملازمت ہی قرطاس وقلم سے اپنا رشتہ جوڑ چکے تھے اور ادبی حلقوں میں بطور افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار اپنی شناخت بنا چکے ہیں۔ زیرنظر کتاب ان کی ساتویں تصنیف ہے جو ان کی دیگر تصانیف کی طرح جاذب نظر سرورق، عمدہ کتابت، معیاری کاغذ اور سب سے بڑھ کر بہترین تخلیقات سے مزین ہے۔ یہ کتاب ان کے سات ڈراموں کی حامل ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ اس کتاب میں شامل ڈراما بعنوان ''سنگ راہ'' بیمہ زندگی کے اہم اور نازک موضوع کو ذہن میں رکھ کر لکھا گیا ہے۔ اس ڈرامے کا مرکزی کردار ایک منفی کردار کا حامل نوجوان ہے جو بلیک میلنگ کے ذریعے ایک لڑکی کی منگنی ختم کرا کر اس سے دھوکے سے شادی کر لیتا ہے اور اپنی محبت کے ثبوت کے طور پر ایک بڑے زر بیمہ کی مالیت کی پالیسی لیتا ہے جس میں وہ اپنی بیوی کو وارث مقرر کرتا ہے اور بعد ازاں کسی بے گناہ شخص کو قتل کر کے اس کی لاش کو اپنی میت ثابت کر کے منظر سے غائب ہو جاتا ہے۔ پھر وہ اپنی بیوی سے کلیم میں ملنے والی رقم کا مطالبہ کرتا ہے جو کہ اپنے سابقہ منگیتر سے شادی کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے اور اسے اپنے ہمراہ لے کر اس شاطر شخص سے کلیم کی رقم اسے دینے کے عوض طلاق نامہ پر دستخط لینے کے بعد منکشف کرتی ہے کہ بیمہ کمپنی نے کلیم اس بنا پر خارج کر دیا ہے کہ اس نے پالیسی لیتے وقت بیمہ زندگی کی درخواست میں اپنے موجودہ اثاثوں اور آمدنی کی تفصیلات میں غلط بیانی کی تھی۔

یہاں اس ڈرامے کا مختصر جائزہ قارئین کی دلچسپی کے پیش نظر لیا گیا ہے جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ بیمہ زندگی کے ماہرین غلط بیانی کی بنا پر حاصل کردہ پالیسیوں پر کلیم کی ادائیگی میں اجتناب سے کام لیتے ہیں اس لیے کہ لائف فنڈ بیمہ داروں کی امانت ہے۔

کتاب میں شامل دیگر ڈرامے بھی دلچسپ اور معیاری ہیں اور جناب اجمل اعجاز کے کمال فن کے عکاس ہیں۔

ادارہ تحفظ جناب اجمل اعجاز کی اس عمدہ کاوش پر ان کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

کتاب کے حصول کے لیے مصنف سے سیل نمبر 0300-7064306 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

# افرادی قوت اور سگما



محمد افضل جنجوعہ، سابق ڈویژنل ہیڈ اسٹیٹ لائف

'کوالٹی کنٹرول' کا نظریہ اب خاصا مقبول ہو چکا ہے اور اس کے ذیل میں متعدد معیار متعارف کرائے جا چکے ہیں۔ آئی ایس او 9000 سے لے کر ایس اے 800-(SA-800) تک بلکہ 6 سگما بھی ہمارے متعدد اداروں میں متعارف تو ہوا ہے مگر پوری طرح نافذ العمل نہیں ہوا۔ جہاں جہاں ان معیارات کو نافذ کرنے کی کوشش کی گئی وہاں اگر انہیں بیچ منجدھار میں ترک بھی کیا گیا تو وہاں ان کے ناتمام کاوشوں کے مثبت نتائج ضرور مرتب ہوئے۔ راقم بھی ایک حوالے سے ان کاوشوں میں شامل رہا ہے۔

سگما اصولوں کا اطلاق صنعتی اداروں پر ہوتا ہے کیونکہ ان کی مصنوعات کے معیار کو برقرار رکھنا، مسابقت کے موجودہ ماحول میں ناگزیر ہے۔ مصنوعات کی تیاری میں مراحل پر عدم توجہ، اجزاء کے معیار سے غفلت اور تیار شدہ اشیا کا مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنا ایسے عوامل ہیں جن میں رتی بھی رعایت نہیں کی جا سکتی۔ یہی سگما کا مرکزی نکتہ ہے۔

بہر حال افرادی قوت کے حوالے سے حالیہ برسوں میں بعض انتظامی امور کے ماہرین نے تخلیق کر کے دلچسپ انداز میں ہمیں تربیتی فوائد سے روشناس کیا ہے۔ راقم اپنی موجودہ سرگرمیوں کے حوالے سے ان سے آشنائی کی مقدور بھر کوشش کرتا رہتا ہے۔ آیئے اس گفتگو کا آغاز انسانی زندگی کے نظام سے کرتے ہیں۔ اللہ سبحان تعالیٰ نے انسان کو صفر برداشت نقص (زیرو ڈیفکٹ ٹالرینس) پر پیدا کیا ہے۔ پورے جسم میں اگر ایک دانت میں درد ہو جائے تو ایک فرد صفر درجہ کارکردگی پر آ جاتا ہے۔ یعنی کام کے قابل نہیں رہتا۔ ناخن تراشتے وقت ناخن تراش ذرا سا تجاوز کر جائے تو کیا ہوتا ہے۔ یہ سب جانتے ہیں۔

یہی حال احساسات و جذبات کا ہے۔ خوشی اور مسرت انسانی صحت پر مثبت اور غم و غصہ منفی اثرات ڈالتے ہیں۔ نہ صرف یہ کہ ہمارے باہمی تعلقات کو بھی متاثر کرتے ہیں۔

کوالٹی کنٹرول کی اصطلاح بھی عجیب ہے

کوالٹی کنٹرول نہیں کی جاتی بلکہ اسے بڑھایا جاتا ہے۔

ایک صاحب جو آپ کے دوست ہیں کسی وقت ایسی بات کہہ دیتے ہیں جس سے آپ کو اطمینان و انبساط کا احساس ہوتا ہے تو دوستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر زیادہ تر ان کا رویہ یہی ہوتا ہے تو کیا کہنے! اگر کوئی دوست کسی وقت ایسی بات کہہ دے تو جذبات کو مجروح یا احساس میں ترشی کا ردعمل پیدا کرے تو پھر ہم ان سے کتراتے ہیں اور اگر یہ ان کی طرف سے معمول بن جائے تو ترک تعلق کا مرحلہ بھی آ سکتا ہے۔

ہمارے صارفین اور خریدار بھی انسان ہوتے ہیں۔ ہمارے ملازمین خواہ وہ کل وقتی ہوں یا جز وقتی یا معاہداتی، ہمارے صارفین کے احساسات متاثر کرتے ہیں۔ اگر ایک بیمہ دار آپ کے دفتر میں آتا ہے اور شعبہ خدمات بیمہ داران سے رجوع کرتا ہے۔ وہاں اسے نشست پیش کی جاتی ہے خندہ پیشانی اور تحمل سے اس کی بات سنی جاتی ہے اور جس کام کے لیے اسے آنا پڑا وہ بلا تاخیر ہو جاتا ہے تو یہ عمل اس کے احساسات میں ہمارے لیے مزید کشش پیدا کرتا ہے۔ اس کا پورا جسم بھی متاثر ہوتا ہے۔ وہ کیسے؟ لائن میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کرنا اور ٹکٹ لے کر آرام دہ صوفے پر بیٹھ کر دیوار پر نمودار ہونے والی شمار کا انتظار کرنا دو الگ الگ تجربات ہیں۔ بجلی گیس ٹیلیفون کے بل ادا کرنے کے لیے قطار میں کھڑے ہو کر کھڑکی کے دوسری جانب فضا بند ماحول میں ملازم کو رقم ادا کرنے کے بعد کیسے لگتا ہے۔ الحمدللہ اب متبادل انتظامات کے باعث بینکوں سے واسطہ بن پڑتا اور اگر پڑتا ہے تو اندر آرام دہ ماحول ہوتا ہے۔

اس بحث کا مقصد یہ ہے کہ ملازمین اور بیمہ کارکنوں کا انتخاب کرتے وقت یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ بالآخر انہیں بیمہ داروں کو خدمات فراہم کرنا ہے ہمارے انتخاب کا یہی معیار ہے۔ ایسے ملازمین جو افسران کو تو مطمئن رکھتے ہیں مگر بیمہ داروں کی خدمت میں تساہل سے کام لیتے ہیں۔ سگما اصولوں کو اس توجیہہ پر پورا نہیں اترتے۔ ہمارے بیمہ دار افراد ہیں اور وہ ہمارے منصوبوں (پلان اور خدمات) کے حوالے سے صفر درجہ برداشت کریں ایسی کوتاہی ان کے عدم اطمینان کا باعث بن سکتی ہے۔

## مبارک مبارک

- گزشتہ دنوں پرنسپل آفس، بورڈ سیکریٹریٹ کے ڈپٹی منیجر جناب محمد عرفان خان کی بیٹی ڈاکٹر صبوحی عرفان کی شادی خانہ آبادی ہمراہ انجینئر سید وقاص مظفر سے کراچی میں انجام پائی۔
- پرنسپل آفس، جنزل سروسز ڈپارٹمنٹ کے سینئر آفس اسسٹنٹ جناب محمد ریاض کی بیٹی سدرہ ریاض گزشتہ دنوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔


ادارہ تحفظ نوبیاہتا جوڑوں کے خوشیوں بھرے مستقبل کے لیے دعا گو ہے اور جناب محمد عرفان خان اور جناب محمد ریاض اور ان کے اہل خانہ کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔



# تصویری خبرنامہ



میر پور خاص زون میں تاریخ کی سب سے بڑی پالیسی 5 کروڑ کی تکمیل پر کیک کاٹا جا رہا ہے زونل سربراہ جناب ظہور احمد بھٹی، ڈاکٹر عبدالخالق جونیجو، جناب شاہ محمد، جناب نند لال، اور رانا ضیاء اللہ نمایاں ہیں



کراچی سدرن زون کے منیجر مارکیٹنگ جناب شیر ظفر خان کے صاحبزادے محمد اظہر خان نے سرسید یونیورسٹی کراچی سے کمپیوٹر سائنس میں بی ایس میں نمایاں پوزیشن حاصل کی، والد کے ہمراہ



ساہیوال زون کے ٹاپ ایریا منیجر جناب ایم عظیم ملک کو ریجنل چیف ملتان جناب افتخار احمد بہترین کارکردگی دکھانے پر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں



محترمہ صبا شاہد کو اسٹیٹ لائف کلب، پی او کی ایگزیکٹیو ممبر بننے پر کلب کے صدر مرزا اقبال بیگ، اسسٹنٹ سیکریٹری جنرل جناب سہیل اقبال خان گلدستہ پیش کر رہے ہیں



سیالکوٹ زون میں ماہ مئی 2013ء کے منعقدہ فاؤنڈیشن کورس میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات کا انچارج و منیجر ایف ایم ڈی، سید فاخر حسین رضوی اور سیکٹر ہیڈ نعیم پرویز کے ہمراہ گروپ فوٹو



ڈی جی ایم ڈاکٹر مغل بیگ کا دورہ اسلام آباد کے موقع پر راولپنڈی زون کے سربراہ جناب اظہر حسین، ڈاکٹر ساجد انور، جناب سلیم احمد، جناب نعیم علی اور ڈاکٹر روبینہ نیئر کا گروپ فوٹو



فیصل آباد زون: جناب محمد رمضان شاہد، سیلز منیجر فہیم یثرب کے ایجنسی آفس کا افتتاح کرتے ہوئے اس موقع پر سیکٹر ہیڈ، جناب اصغر علی صدیقی اور ایریا منیجر جناب خالد محمود بھی ان کے ہمراہ کھڑے ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



حیدرآباد زون: مرحوم شریف خان جتوئی کی بیوہ کو ریجنل چیف جناب در محمد بالادی ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 1 کروڑ 54 لاکھ روپے دے رہے ہیں، تصویر میں ایریا منیجر نواب شاہ جناب محمد اسلم بھی نظر آ رہے ہیں



پشاور زون: سیکٹر ہیڈ جناب شاہ جہاں، مرحوم بیمہ دار اعجاز نبی کے والد کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ 20 لاکھ 70 ہزار روپے کا چیک پیش کیا جا رہا ہے واضح رہے کہ مرحوم نے صرف ایک ہی قسط ادا کی تھی کہ ان کا انتقال ہو گیا، تصویر میں ایریا منیجر حضرت حسین اور سیلز منیجر محمد نور الحق بھی موجود ہیں



بہاولپور زون: زونل سربراہ چوہدری اختر حسین بیمہ دار عمر فاروق کی وفات پر اس کی اہلیہ کو 41 لاکھ 50 ہزار روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں، اس موقع پر سیکٹر ہیڈ الفت محمود گوہر اور سیلز منیجر ذوالفقار بھی نمایاں نظر آ رہے ہیں



گجرات زون: سیکٹر ہیڈ راجہ ظفر اقبال اور ایریا منیجر میاں محمد افضل اور سیلز نمائندہ فوزیہ اکرم، محمد بلال مرحوم کی پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 6 لاکھ 30 ہزار روپے ان کے والد محمد اسلم کو دے رہے ہیں



میرپور آزاد کشمیر: سیکٹر ہیڈ بھمبر چنگیز کیانی، مرحومہ مسز نبیلہ شہزاد کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 10 لاکھ روپے ان کے خاوند جناب شہزاد احمد کو دے رہے ہیں، تصویر میں ایریا منیجر چوہدری علی اصغر شاہین اور سیلز منیجر محمود رضا بھی نمایاں ہیں

# تحفظ

جولائی 2013ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)


## پرنسپل آفس میں ڈیٹا سینٹر کے افتتاح کی تصویری جھلکیاں








آئی ٹی ڈویژن کے زیر اہتمام......ڈیٹا سینٹر کے بارے میں شرکاء کو تفصیلات سے آگاہ کیا جا رہا ہے

## اسٹیٹ لائف ایمپلائز کی سی بی اے کا چارٹرڈ آف ڈیمانڈ







پرنسپل آفس میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد ہوا جس کی صدارت جناب شاہد عزیز صدیقی نے کی اور سی بی اے کے عہدیداران نے چارٹر آف ڈیمانڈ کی دستاویزات اعلیٰ انتظامیہ کو پیش کیں اس موقع کی تصاویری جھلکیاں